بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



# نسیم نو بہارِ ادب

TET

## اردو زبانِ اوّل - اہلیتی امتحان برائے معلم

# NASEEM-E-NAU BAHAR-E-ADAB

## FIRST LANGUAGE URDU FOR TET


PREPARD BY:

ABDULLA KHAN C MA,BEd

ASSISTANT MASTER

GOVERNMENT URDU HIGH SCHOOL,HARNAHALLI

SHIVAMOGGA,TQ,DIST

MOB NO:9482208921


اُردو تدریسیات | معلوماتِ عامہ | قواعد و انشاء

اکائی منصوبہ | حصہ نظم | حصہ نثر

میرے مرحوم والدین

الحاج اکبر خان وظیفہ یاب میر مدرس

اور

نسیم النساء

احمد نگر 4واں کراس، داو نگرہ

کے نام

اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ آمین

# قواعد و معلوماتِ عامہ

## URDU GRAMMAR AND GENERAL KNOWLEDGE QUESTIONS

## اردو زبانِ اوّل FIRST LANGUAGE URDU

1۔ اردو کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب: ترکی

2۔ اُردو کے معنیٰ کیا ہیں؟

جواب: لشکر یا فوج (اردو کا تعلق ہند آریائی خاندان سے ہے)

3۔ اردو زبان کا رسم الخط کونسا ہے؟

جواب: نستعلیق

4۔ حروف کی آوازوں اور تحریری شکلوں کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: حروفِ تہجّی

5۔ حروفِ تہجی کی دو قسمیں کونسی ہیں؟

جواب: 1) سادہ حروف (اب پ۔۔۔ی ے-37 2) مخلوط حروف (بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ ڑھ کھ گھ لھ مھ نھ-14)

6۔ آواز کے لحاظ سے حروفِ تہجی کی دو قسمیں کونسی ہیں؟

جواب:1)حروفِ علّت (ا،و،ی)2 )حروفِ صحیح

7۔حروفِ صحیح کونسے ہیں؟

جواب:حروفِ علّت کو چھوڑ کر باقی تمام حروف،حروفِ صحیح ہیں۔

8۔خالص عربی حروف کونسے ہیں؟

جواب:ث ح ذ ص ض ط ظ ع ق–9

9۔خالص فارسی حروف کونسے ہیں؟

جواب:پ چ ژ گ–4

10۔اردوزبان میں ہندی حروف کونسے ہیں؟

جواب:ٹ،ڈ،ڑ–3

11۔ایسے حروف جن کے پہلے عربی کی(ال) لکھی جاتی ہے مگر پڑھی نہیں جاتی ہے کیا کہلاتے ہیں؟

جواب:شمسی حروف(ت ث د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ل ن–14)والشمس،امین الدولہ،عبدالرشید،دارالسلام

12۔ایسے حروف جن کے پہلے عربی کی(ال) لکھی جاتی ہے اور پڑھی بھی جاتی ہے کیا کہلاتے ہیں؟

جواب:قمری حروف(ا ب ج ح خ ع غ ف ق ک م و ہ ی–14)یوم الجمعہ،فی الحال،بالکل،ابوالکلام،عیدالفطر

13۔دویادوسے زائد حروف کا مجموعہ جس کے کچھ معنی ہوں کیا کہلاتا ہے؟

جواب:لفظ

14۔وہ لفظ جس کچھ معنی نہ ہوں کیا کہلاتا ہے؟

جواب: مہمل (پانی وانی، بات چیت، کھاناوانا)

15۔وہ علم جس سے الفاظ کا مطالعہ، درجہ بندی اور استعمال کے قاعدے بتائے جاتے ہیں کیا کہلاتا ہے؟

جواب: علمِ صرف

16۔وہ علم جس سے جملوں کی بناوٹ اور ان کے الفاظ کی باہمی ترتیب و تعلق کا پتہ چلتا ہے کیا کہلاتا ہے؟

جواب: علمِ نحو

17۔وہ کلمہ جو صرف ایک لفظ پر مشتمل ہو کیا کہلاتا ہے؟

جواب: مفرد لفظ

18۔وہ کلمہ جو دو یا دو سے زائد الفاظ پر مشتمل ہو کیا کہلاتا ہے؟

جواب: مرکب لفظ

19۔وہ علامتیں، حروف یا الفاظ جو کسی مفرد لفظ کے پہلے آکر ایک نیا لفظ بناتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟

جواب: سابقے (بے وفا، بے درد، ہم جماعت، ہم نوالہ، ہم خیال، نااہل، ناواقف، لاجواب، لاشعور وغیرہ)

20۔وہ علامتیں، حروف یا الفاظ جو کسی مفرد لفظ کے بعد آکر ایک نیا لفظ بناتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟

جواب: لاحقے (کتب خانہ، مئے خانہ، میوہ فروش، عطر فروش، مضمون نگار، خطوط نگار، عید گاہ، عبادت گاہ وغیرہ)

21۔وہ الفاظ جن کے کچھ معنی ہوں کیا کہلاتے ہیں؟

جواب: مستقل کلمہ

22۔وہ الفاظ جو اپنا معنی دینے کے لئے دوسرے الفاظ کا سہارا لیتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟

جواب:غیر مستقل کلمہ

23۔مستقل کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:پانچ(اسم،ضمیر،صفت،فعل،متعلق فعل)

24۔کسی شخص،جگہ یا چیز کے نام کو ظاہر کرنے والے الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟

جواب:اسم

25۔اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:دو(اسمِ خاص،اسمِ عام)

26۔اسم خاص کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:چھ(علم،خطاب،تخلص،لقب،عرف،کنیت)

1۔علم:وہ لفظ جو کسی خص شخص،چیز یا جگہ کا نام ظاہر کرے۔(محمود،ہمالہ،کوہ نور)

2۔خطاب:سرکار کی طرف سے کسی خاص خدمت کے صلے میں دیا گیا نام(پرم ویر،پدم بھوشن،سر)

3۔تخلص:شاعر کا چھوٹا نام جسے وہ اپنی شاعری میں استعمال کرتا ہے۔(غالبؔ،جگرؔ،داغؔ،سوداؔ)

4۔لقب:وہ خاص نام جو کسی خاص وصف کی بنا پر لوگوں میں مشہور ہو۔(خلیل اللہ،امین،صادق،روح اللہ)

5۔عرف:وہ چھوٹا سا نام جسے گھر والے یا دوست پیار سے پکارتے ہیں۔(بابو،منی،گڑیا،منّو،تبّو)

6۔کنیت:عربی طرز کا نام ہے جس کے پہلے ابو،ام،ابن وغیرہ لگایا جاتا ہے۔(ابو بکر،ام حبیبہ،ابن مریم)

27۔اسم عام کسے کہتے ہیں؟

جواب:اسم عام وہ نام ہے جو ایک ہی قسم کی کئی چیزوں کا ایک ہی نام ظاہر کرے۔(لڑکا، مرد، مدرسہ، شہر، مکان)

28۔اسم عام کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: آٹھ(ذات، مکاں، زماں، آلہ، مادہ، جمع، کیفیت، صوت)

1۔اسم ذات:وہ عام نام جو ایک چیز سے بلالحاظ وصف پہچانی جائے۔(کرسی۔میز، عورت، مرد، قلم، دوات)

2۔اسم ظرفِ مکاں:وہ عام نام جو کسی مکان کو ظاہر کرے۔(ڈاک خانہ، دواخانہ، مسجد، مندر، عدالت)

3۔اسم ظرف، زماں:وہ عام نام جو وقت، یا زمانے کو ظاہر کرے۔(صبح، دوپہر، شام، سحر، عصر، مغرب، مہینہ، سال)

4۔اسم آلہ:وہ عام نام جو کسی آلہ یا اوزار کو ظاہر کرے۔(تلوار، ترازو، قینچی، گیند، بندوق، چاقو)

5۔اسم مادہ:وہ عام نام جو مادہ یا دھات کو ظاہر کرے۔(سونا، چاندی، لوہا، پارہ،)

6۔اسم جمع:وہ عام نام جو کسی مجموعے کو ظاہر کرے۔(لشکر، فوج، جماعت، کارواں، ٹیم، جلوس)

7۔اسم کیفیت:وہ عام نام جو کسی کیفیت کو ظاہر کرے۔(جلالی، مسرور، غمگین، شادماں، پریشان، مدہوش)

8۔اسم صوت:وہ اسم جو آواز کو ظاہر کرے۔(ٹن ٹن، چھم چھم، کائیں کائیں، میاؤں میاؤں، چوں چوں)

29۔ ضمیر کسے کہتے ہیں؟

جواب:وہ لفظ جو اسم کی جگہ یا اسم کے بدلے میں استعمال ہوتا ہے ضمیر کہلاتا ہے۔

30۔ ضمیر کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:پانچ(شخصی، موصولہ، استفہامیہ، اشارہ، تنکیر)

1۔ شخصی:وہ ضمیر جو اشخاص کے لئے لائی جاتی ہے۔(متکلم، مخاطب، غائب، یہ، وہ، اس، اُس، ان۔میں، تو، تم، تمہارا، ہم، ہمارا، انکا)

2۔ موصولہ: اسم کے بیان کے لئے لائی جاتی ہے اور جملے کے دو حصوں کو ملاتی ہے۔(جو) وہ کتاب جو کل گم ہو گئی تھی آج مل گئی۔
3۔ استفہامیہ: وہ ضمیر جو سوال کے لئے لائی جاتی ہے۔(کیا، کون، کہاں، کسے، کب، کیوں،)
4۔ اشارہ: وہ ضمیر جو دور (بعید) اور نزدیک (قریب) کے اشارے کے لئے لائی جاتی ہے۔(یہ۔ اِس، وہ، اُس، یہاں، وہاں)
5۔ تنکیر: وہ ضمیر جو غیر یقینی اشخاص کے لئے لائی جاتی ہے۔ جنہیں ہم صاف طور سے جانتے نہیں۔(کوئی، کچھ، کسی نے، کہیں سے)

31۔ صفت کسے کہتے ہیں؟
جواب: وہ لفظ جو اسم کی حالت یا کیفیت بیان کرتا ہے ضمیر کہلاتا ہے۔

32۔ صفت کی کتنی قسمیں ہیں؟
جواب: چار (ذاتی، نسبتی، مقداری، عددی)
1۔ صفت ذاتی: وہ لفظ جو اسم کی اندرونی کیفیت یا حالت کو ظاہر کرے۔(اچھا، بُرا، نیک، خوبصورت، قبیح، کالا، گورا، گرم، ٹھنڈا)
2، صفت نسبتی: وہ لفظ جو اسم کی نسبت یا تعلق کو ظاہر کرے۔(دہلوی، لکھنوی، حیدرآبادی، بنگلوری، عربی، عجمی، میر ٹھی)
3۔ صفت مقداری: وہ لفظ جو مقدار کو ظاہر کرے۔(تھوڑا، بہت، ڈھیر سارا، مٹھی بر، چند، مختصر، کافی، وسیع، گہرا)
4۔ صفت عددی: وہ لفظ جو تعداد کو ظاہر کرے۔(دو، چار، درجن، ایک ہفتہ، دو گز، ہزار،)

33۔ کام کو ظاہر کرنے والے الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟
جواب: فعل

34۔ فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟
جواب: چھ (فعلِ ماضی، فعلِ حال، فعلِ مستقبل، فعل مضارع، فعل امر، فعل نہی)

1۔ فعل ماضی:وہ فعل جس میں کام کا ہو چکا ہونا پایا جائے۔(لکھا تھا، پڑھا تھا، دیکھے تھے۔)

2۔ فعل حال:وہ فعل جس میں کام کا ہونا موجودہ زمانے میں پایا جائے۔(لکھ رہا ہے۔ پڑھ رہا ہے۔ دیکھ رہے ہیں۔)

3۔ فعل مستقبل:وہ فعل جس میں کام کا ہونا مستقبل کے زمانے میں پایا جائے۔(لکھے گا، پڑھے گا۔ دیکھیں گے۔)

4۔ فعل مضارع:وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے موجود ہوں۔(وہ لکھے۔ احمد پڑھے۔ وہ دیکھیں۔ جائے۔ سنے)

5۔ فعل امر:وہ فعل جس میں کام کے کرنے کا حکم ہو۔(لکھو، پڑھو۔ دیکھو، سنو، جاؤ، آؤ، بیٹھو، اُٹھو)

6۔ فعل نہی:وہ فعل جس میں کام کے نہ کرنے کا حکم ہو۔(مت لکھو، مت پڑھو، مت دیکھو، نا جاؤ)

35۔ فعل ماضی کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:چھ (مطلق، قریب، بعید، استمراری، شکی، تمنائی)

1۔ماضی مطلق:وہ فعل جس میں ماضی میں کام کا ہو چکنا پایا جائے مگر ٹھیک وقت معلوم نہ ہو کہ کام کب ہو چکا۔(احمد نے لکھا، اسلم نے پڑھا۔ رام نے دیکھا)

2۔ماضی قریب:وہ فعل جامیں کام کا ابھی ابھی ہو چکنا ظاہر ہو۔(احمد نے لکھا ہے، اسلم نے پڑھا ہے، امجد نے سنا ہے، سلمہ نے دیکھا ہے، صابر نے گایا ہے)

3۔ماضی بعید:وہ فعل جس میں کام کا بہت پہلے ہی ہو چکنا ظاہر ہو۔(احمد نے لکھا تھا، پڑھا تھا، دیکھا تھا، سنا تھا، گایا تھا)

4۔ماضی استمراری:وہ فعل جس میں ماضی میں کام کا چلتا رہنا ظاہر ہو۔(احمد لکھ رہا تھا۔ پڑھ رہا تھا۔ دیکھ رہا تھا، گا رہا تھا)

5۔ماضی شکی / احتمالی:وہ فعل جس میں کام کے مکمل ہونے کا شک ہو۔(احمد نے لکھا ہوگا، پڑھا ہوگا، دیکھا ہوگا، سنا ہوگا، گایا ہوگا)

6۔ماضی تمنائی:وہ فعل جس میں کام کے ہو چکے ہونے کی تمنا یا آرزو پائی جائے۔(احمد نے لکھا ہوتا، پڑھا ہوتا۔ دیکھا ہوتا۔ سنا ہوتا)

36۔ متعلق فعل کسے کہتے ہیں؟

جواب:وہ لفظ جو فعل یعنی کام کی تعریف کرتا ہے متعلق فعل کہلاتا ہے۔

37۔ متعلق فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:سات(مکانِ فعل،زمانِ فعل،وضعِ فعل،سببِ فعل،تاکیدِ فعل،تعدادِ فعل،ایجاب وانکارِ فعل)

1۔مکانِ فعل:یہاں،وہاں،ادھر،اُدھر،اوپر،نیچے،اندر،باہر،اطراف،آزوبازو،دائیں بائیں وغیرہ

2۔زمانِ فعل:اب،تب،بعد،پہلے،صبح،شام وغیرہ

3۔وضعِ فعل:جھٹ پٹ،آہستہ،جلد،تیز تیز،اچانک،یکایک،ہلّوہلّو،دیر،فٹافٹ،دھیرے دھیرے وغیرہ۔

4۔سببِ فعل:جیسے کہ،جیساکہ،کیونکہ،چنانچہ،اس طرح کہ،لہٰذاوغیرہ۔

5۔تاکیدِ فعل:ہرگز،زنہار،البتہ،بے شک،مگروغیرہ۔

6۔تعدادِ فعل:ایک بار،دوبارہ،باربار،اتنا،اُتنا،فرداًفرداًوغیرہ

7۔ایجاب وانکارِ فعل:اچھا،نہیں،ہاں،غالباً،یقیناً،اتفاقاً،بالکل نہیں وغیرہ۔

38۔غیر مستقل کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:چار(حروفِ ربط،حروفِ عطف،حروفِ تخصیص،حروفِ فجائیہ)

39۔حروفِ ربط کسے کہتے ہیں اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:وہ الفاظ یا حروف جو دو لفظوں یا دو اسموں کے درمیان تعلق ظاہر کرتے ہیں حروفِ ربط کہلاتے ہیں۔

جیسے:کا،کی،کے،کو،سے،پر،تک،نے وغیرہ۔

حروفِ ربط کی چار قسمیں

1۔علامتِ اضافی:کا،کی،کے

2۔علامتِ فاعلی: نے

3۔علامتِ مفعولی: کو

4۔علامتِ ظرفی: سے، پر، تک، اوپر، نیچے، اِدھر وغیرہ

40۔ حروف عطف کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ الفاظ یا حروف جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو ملاتے ہیں حروفِ عطف کہلاتے ہیں۔

جیسے: اور، پھر، مگر، مراد، بلکہ، اس لئے کہ، نیز وغیرہ۔

حروفِ عطف کی آٹھ قسمیں ہیں (وصل، تردید، استدراک، استثناء علت، بیانیہ، تاکید، شرط و جزا)

1۔وصل: اور، و

2۔تردید: چاہے، خواہ، یا، نہ، کہ وغیرہ۔

3۔حروفِ استدراک: البتہ، پر، لیکن، مگر، بلکہ وغیرہ۔

4۔حروفِ استثناء: سوائے، الّا، بجز، علاوہ، جز وغیرہ۔

5۔حروفِ علّت: کیونکہ، اس لئے کہ، یعنی کہ، تا کہ، چونکہ، لہٰذا وغیرہ۔

6۔حروفِ بیانیہ: کہ، بلکہ، یعنی، مراد وغیرہ۔

7۔حروفِ تاکید: خبر دار، زنہار، ہر گز، ضرور، ہوشیار وغیرہ۔

8۔حروفِ شرط و جزا: شرط: اگر، جب تک، ورنہ، جس وقت، چونکہ، ہر چند وغیرہ۔

جزا: تب، تو، وہ، اُس وقت تک، تب تک وغیرہ۔

41۔ حروفِ تخصیص کسے کہتے ہیں؟

جواب:وہ حروف یا الفاظ جو اسم یا فعل کے ساتھ مل کر آتے ہیں اور معنی میں زور پیدا کرتے ہیں یا ایک قسم کی خصوصیت اور تاکید پیدا کرتے ہیں حروفِ تخصیص کہلاتے ہیں؟

جیسے:ہر،ہی، بھی، تجھی،اسی، مجھی،فقط،صرف، محض،تنہا،اکیلا،اکلوتا وغیرہ

42۔ حروفِ فجائیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب:وہ الفاظ یا حروف جو جذبات کا فوراً اظہار کرتے ہیں یا جوش و جذبے میں بے اختیار ادا ہو جاتے ہیں خروفِ فجائیہ کہلاتے ہیں۔

جیسے: آہ!،واہ!،ماشااللہ!اُف، چھی!وغیرہ

حروفِ فجائیہ کی ساتھ قسمیں ہیں۔

1۔ حروفِ انبساط: آہا!،ہرے!،واہ!، سبحان اللہ!،بہت خوب!،ماشااللہ!،اے ہے!،واللہ!وغیرہ۔

2۔ حروفِ افسوس:حیف!،ہائے!، آہ!،یااللہ!،اُف!،وائے!،نعوذ باللہ!ہائے اللہ!وغیرہ۔

3۔ حروفِ تحسین:سبحان اللہ!،ماشااللہ!،واہ واہ!،خوب بھئی خوب!،شاباش!،واہ کیا کہنے!،لاجواب!، چشم بد دور!وغیرہ۔

4۔ حروفِ نفرین: چھی!، تھُو!،تُف!،دُھت!،استغفر واللہ!،الامان!،لاحولاولا قوۃ!وغیرہ۔

5۔ حروفِ ندا:اے!،اے جی!،اجی سنتے ہو!،او بھائی!،ذرا سُنئے!،سنئے تو!،اے لوگو!وغیرہ۔

6۔ حروفِ استعجاب:ہائیں!،کیا کہا!،کیا!،کیا ہوا!،ارے!وغیرہ۔

7۔ حروفِ تنبیہ:خبردار!،ہوشیار!، سنبھلنا!،یاد رکھو!،وغیرہ۔

43۔ سوال کو ظاہر کرنے والا جملہ کیا کہلاتا ہے؟

جواب: استفہامیہ جملہ

44۔ شعر میں لفظی اور معنوی خوبیوں کے ذریعے حسن پیدا کرنے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: صنائع اور بدائع

45۔ لفظ "حمد" کس لفظ سے مشتق ہے؟

جواب: مدح

46۔ وہ نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف و توصیف بیان کی جاتی ہے کیا کہلاتی ہے؟

جواب: حمد

47۔ حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف میں لکھی گئی نظم کیا کہلاتی ہے؟

جواب: نعت

48۔ وہ منظوم کلام جس میں کوئی خیال یا موضوع کو ترتیب و تنظیم کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟

جواب: نظم

49۔ وہ علم جس سے شعر کے اوزان معلوم کئے جاتے ہیں کیا کہلاتا ہے؟

جواب: علمِ عروض

50۔ شعر میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو کسی واقعے کی طرف اشارہ کرتے ہوں کیا کہلاتا ہے؟

جواب: تلمیح

51۔ کسی شعر میں حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی مراد لئے جائیں لیکن حقیقی اور مجازی معنوں میں تعلق تشبیہ کا ہو تو اس کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: استعارہ

52۔لفظ "استعارہ" کے معنی کیا ہیں؟

جواب: مستعار لینا/اُدھار لینا

53۔کلام میں کسی دو الگ چیزوں کو اُن کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: تشبیہ

54۔نثر کی مقبول ترین صنف کونسی ہے؟

جواب: افسانہ

55۔ مضمون کے کتنے حصّے ہوتے ہیں؟ اور وہ کونسے ہیں؟

جواب: تین (1) تمہید (2) نفسِ مضمون (3) خاتمہ

56۔الفاظ کا ایسا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے کیا کہلاتا ہے؟

جواب: جملہ (اونٹنی پر بیٹھے بیٹھے حج کا خطبہ دیا۔)

57۔جملے کے دو اہم اجزاء کونسے ہیں؟

جواب: 1) مسند الیہ (مبتداء) 2) مسند (خبر) (احمد نیک لڑکا ہے۔ میں (۔احمد-مسند الیہ (مبتداء)،،؛ نیک لڑکا ہے-مسند (خبر))

58۔وہ جملہ جس میں ایک مسند الیہ اور ایک مسند ہو کیا کہلاتا ہے؟

جواب: مفرد جملہ (مثلاً: منادی ہوئی۔، احمد نیک لڑکا ہے۔ نماز ادا کی۔)

59۔مفرد جملے کی دو قسمیں کونسی ہیں؟

جواب: جملہ اسمیہ و جملہ فعلیہ

60۔وہ جملہ جس میں مسند الیہ اور مسند دونوں اسم ہوں کیا کہلاتا ہے؟

جواب:جملہ اسمیہ (مثلاً:اماں گھر کی ملازمہ تھیں۔اکبر عظیم بادشاہ تھا۔)

61۔ وہ جملہ جس میں مسند الیہ اسم اور مسند فعل ہو کیا کہلاتا ہے؟

جواب:جملہ فعلیہ (مثلاً:مدثر اخبار پڑھ رہا ہے۔)

62۔صورت کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں کونسی ہیں؟

جواب:مفرد جملہ و مرکب جملہ

63۔وہ جملہ جو دو مفرد جملوں سے مل کر بنا ہو کیا کہلاتا ہے؟

جواب:مرکب جملہ (مثلاً:نماز ادا کی اور قصوا نامی اونٹنی پر سوار ہوئے۔)

64۔مرکب جملے کی دو قسمیں کونسی ہیں؟

جواب:مرکب مطلق و مرکب ملتف

65۔معنی کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں کونسی ہیں؟

جواب:جملہ خبریہ و جملہ انشائیہ

66۔وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورتِ حال کی خبر دے کیا کہلاتا ہے؟

جواب:جملہ خبریہ (حضرت نظام الدین یکسپرس ریل پلاٹ فارم نمبر دس پر آنے والی ہے۔)

67۔وہ جملہ جس میں کہنے والے کا خیال، خواہش یا جذبہ کا اظہار ہو کیا کہلاتا ہے؟

جواب: جملہ انشائیہ (اس کی بارہ قسمیں ہیں)

1۔ امر: جو سزا دی جاسکتی ہے بلا تعمل دے دو۔

2۔ نہی: میں موجودہ گورنمنٹ کو جائز تسلیم نہیں کرتا۔

3۔ ندا: اے خدا! ہمیں سراطِ مستقیم پر چلا۔

4۔ استفہام: یہ نہ کہوں تو اور کیا کہوں؟

5۔ تحسین: ماشاء اللہ! ہمارا ملک سائنسی ترقی میں پیچھے نہیں رہا۔

6۔ تعجب: واقعی جنگِ آزادی میں ہم نے بہت کچھ کھویا۔

7۔ تاسف: ہائے! یہ بربادی کے منظر دیکھے نہیں جاتے۔

8۔ تمنا: کاش! آج ہمارے میں کوئی آزاد جیسا دلیر رہنما ہوتا۔

9۔ تنبیہہ: ہوشیار! آگے راستہ پر خطر ہے۔

10۔ شرط: اگر تم محنت کرتے تو ضرور کامیاب ہوتے۔

11۔ عرض: مہربانی فرما کر مجھے دو دن کی چھٹی عنایت کیجیے۔

12۔ قسم: واللہ! میں نے ان کی پیشانی پر کبھی بل نہیں دیکھے۔

68۔ مرکب مطلق کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: چار (وصلی، تردیدی، استدراکی، سببی)

69۔ وصلی جملہ کسے کہتے ہیں؟

جواب:ایسامرکب جملہ جس کے دونوں جملے حرفِ عطف "اور" سے ملے ہوں وصلی جملہ کہلاتا ہے۔

مثلاً:1۔شاہد نے ٹکٹ خریدااور بس میں سوار ہو۔ 2۔نمازادا کی اور قصوانامی اونٹنی پر سوار ہوئے۔

70۔تردیدی جمہ کسے کہتے ہیں؟

جواب:ایسامرکب جملہ جس کا ایک جُز دوسرے جُز کی ضد ہو اور درمیان میں حرفِ تردید "ورنہ "کا استعمال کیا جائے تردیدی جملہ کہلاتا ہے۔مثلاً:1۔ سمجھ کر پڑھاکر وورنہ فعل ہو جاؤ گے۔2۔پرہیز کرتے رہو ورنہ مرض بڑھ جائے گا۔

71۔استدراکی جملہ کسے کہتے ہیں َ

جواب:ایسامرکب جملہ جس کے دوحصّے ہوں اور معنی کے اعتبار سے دوسرا حصّہ پہلے حصّے کے خلاف ہو یااسے محدود کرے یا پھر اس کی توسیع کرے استدراکی جملہ کہلاتا ہے۔

مثلاً:1۔ آم میٹھے ہی نہیں بلکہ سستے بھی ہیں۔2۔یہ عمارت قدیم ہی نہیں بلکہ مضبوط بھی ہے۔

72۔سببی جملہ کسے کہتے ہیں؟

جواب:ایسامرکب جملہ جس کے دوسرے حصّے میں سبب۔وجہ،یانتیجے کا ذکر ہو۔

مثلاً:اس کی بات تو ٹھیک ہے مگر رویہ غلط ہے۔2۔گو کہنے کا اندازاچھاہے مگر آواز بھونڈی ہے۔

73۔ملتف جملہ کسے کہتے ہیں َ؟

جواب:ایسامرکب جملہ جس کا ایک جُزاصلی اور دوسرااس کے تابع ہوتا ہے،جب تک تابع جملہ پڑھانہیں جاتا اصلی مطلب واضح نہیں ہو تاملتف جملہ کہلاتا ہے۔

مثلاً:1۔جو لطیفہ عارف نے سنایاوہ مرزاغالب کا تھا۔2۔جوزعفران آپ نے خریداتھاوہ کشمیری تھا۔

74۔ نظم کے لغوی معنی کیاہیں؟

جواب:موتی پرونا

75۔وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے کیا کہلاتا ہے؟

جواب:غزل

76۔غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب:عورتوں سے باتیں کرنا

77۔کونسے موضوعات غزل کے لئے لازم اور ملزوم ہیں؟

جواب:عشقیہ

78۔غزل کا پہلا شعر کیا کہلاتا ہے؟

جواب:مطلع (جس کے دونوں مصرعے ہم ردیف اور ہم قافیہ ہوں)

79۔غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

جواب:مقطع (جس میں شاعر کا تخلص ہو)

80۔غزل کا بہترین شعر کیا کہلاتا ہے؟

جواب:بیت الغزل

81۔صنائع وبدائع کیا ہیں؟

جواب:بدیع کے معنی "انوکھا"یا"نادر" کے ہیں۔وہ علم جس میں کلام کی لفظی اور معنوی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں علمِ بدیع کہلاتا ہے۔

صنائع،صنعت کی جمع ہے اس کے معنی ہنر،کاریگری اور مہارت کے ہیں۔

صنائع لفظی:

1۔ صنعتِ تجنیس: کلام میں دو ایسے الفاظ استعمال کرنا جو صورت کے اعتبار سے یکساں لیکن معنی مختلف ہوں۔

جیسے: تم رات کو نہ آئے اپنے قرار پر (وعدہ)

یہ ظلم تم نے کیا کیا اس بے قرار پر (آرام)

جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا (سچ، فرض)

2۔ صنعتِ تکرار / تکریر

کسی شعر میں ایک ہی لفظ کو بار بار دوہرانا صنعتِ تکرار کہلاتا ہے۔

جیسے: پتہ پتہ، بوٹا بوٹا ، حال ہمارا جانے ہے

جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

3 : صنعتِ تضاد / صنعتِ طباق

شعر میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں صنعتِ تضاد کہلاتا ہے۔

جیسے: صبح ہوتی ہے، شام ہوتی ہے عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے

4۔ صنعتِ لف و نشر

شعر کے پہلے مصرعہ میں دو یا دو سے زیادہ چیزوں کا ذکر کرنا اور پھر ان سے مناسبت اور تعلق رکھنے والی اتنی ہی چیزوں کا دوسرے مصرعہ میں ذکر کرنا صنعتِ لف و نشر کہلاتا ہے۔(پہلے لفظوں کا ذکر "لف" ہے اور بعد میں آنے والی چیزیں نشر ہیں)

جیسے: تیرے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی

پچ حسن تعین سے ظاہر ہو کہ باطن ہو یہ قید نظر کی ہے وہ فکر کا زنداں ہے

82۔ علمِ بیان کسے کہتے ہیں؟

جواب:وہ علم جس میں ایک معنی کو مختلف اور متعدد طریقوں سے ظاہر کرنے سے بحث کی جاتی ہے اس علم کا موضوع ہے لفظ اور اس کے معنی اور اس کا مدار ہے۔ تشبیہ، استعارہ، مجازِ مرسل، کنایہ وغیرہ

83۔ تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب:شعر میں کسی دو چیزوں کو ان کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دینا تشبیہ کہلاتا ہے۔

جیسے:نازکی اس کے لب کی کیا کہئے پنکھڑی ایک گلاب کی سی ہے

چال جیسے کڑی کمان کا تیر دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی

84۔ارکانِ تشبیہ کی تعداد کتنی ہے؟

جواب:پانچ (مشبہ، مشبہ بہ، حرفِ تشبیہ، وجہ تشبیہ، غرضِ تشبیہ)

85۔ تیرا چہرہ صبح کا تارا لگتا ہے (اس مصرعہ میں مشبہ، اور مشبہ بہ کونسا لفظ ہے؟

جواب:چہرہ–مشبہ ہے اور تارا–مشبہ بہ ہے

86۔ تیرا چہرہ صبح کا تارا لگتا ہے (اس مصرعہ میں حرفِ تشبیہ، وجہ تشبیہ اور غرضِ تشبیہ بتائیں؟

جواب:"لگتا ہے" حرفِ تشبیہ ہے۔وجہ–خوبصورتی ہے۔اور غرض خوبصورتی کا اظہار ہے۔

87۔استعارہ کسے کہتے ہیں؟

جواب:استعارہ کے لغوی معنی "اُدھار لینے" کے ہیں۔ایسا شعر جس میں کسی لفظ کے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی مراد لئے جائیں لیکن حقیقی اور مجازی معنوں میں تعلق تشبیہ کا ہو تو اس کو استعارہ کہتے ہیں۔

جیسے: یہ سنتے ہی تھرّا گیا گلّہ سارا          یہ دائی نے للکار کے جب پکارا

تہذیب کی شمعیں روشن کیں،اونٹوں کو چرانے والے نے

کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی،ذرّوں کے مقدر چمکائے

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے   رن ایک طرف چرخِ کہن کانپ رہا ہے

88۔کنایہ کسے کہتے ہیں؟

جواب:علم بیان میں وہ کلمہ ہوتا ہے،جس کے معنی مبہم اور پوشیدہ ہوتے ہوں،ان کا سمجھنا کسی قرینے کا محتاج ہو،وہ اپنے حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی میں اس طرح استعمال ہوا ہو کہ اس کے حقیقی معنی بھی مراد لئے جاسکتے ہوں۔

جیسے:اب کے جنوں میں فاصلہ شائد نہ کچھ رہے

دامن کے چاک اور گریباں کے چاک میں

بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ

قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

89۔ تلمیح کسے کہتے ہیں؟

جواب۔ شعر میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو کسی واقعہ،قصہ یا روایت کی طرف اشارہ کرتے ہوں تلمیح کہلاتا ہے۔

جیسے: نارِ نمرود کو کیا گلزار          دوست کو یوں بچالیا تو نے

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن　　　بڑے بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے

90۔ گدھا کیا جانے زعفران کی قدر۔ اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب: کسی چیز کی قدر نہ کرنا۔

91۔ عموماً شعراء اپنے مجموعہ کلام کی ابتداء کس صنف سے کرتے ہیں؟

جواب: حمد

92۔ اردو شاعری کی مقبول ترین صنف کونسی ہے؟

جواب: غزل

93۔ شہنشاہِ غزل کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: میر تقی میرؔ

94۔ وہ نظم جس میں ردیف اور قافیہ کی پابندی نہ ہو کیا کہلاتی ہے؟

جواب: آزاد نظم

95۔ کس نظم جس میں مصرے گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں؟

جواب: آزاد نظم

96۔ علامہ اقبال کا مقام پیدائش کونسا ہے؟

جواب: سیالکوٹ

97۔علامہ اقبال کے شعری مجموعے کونسے ہیں۔

جواب:(1)بانگِ درا(2)بالِ جبرئیل اور(3)ضربِ کلیم

98۔رباعی کسے کہتے ہیں؟

جواب:چار مصرعوں والی نظم کو رباعی کہتے ہیں۔

99۔رباعی کے کن مصرعوں میں قافیہ کی پابندی ہوتی ہے؟

جواب:رباعی کے پہلے،دوسرے اور چوتھے مصرعے میں قافیہ کی پابندی ہوتی ہے۔

100۔رباعی کا کونسا مصرعہ ردیف اور قافیہ کا پابند نہیں ہوتا؟

جواب:رباعی کا تیسرا مصرعہ ردیف اور قافیہ کا پابند نہیں ہوتا۔

101۔رباعی کا کونسا مصرعہ حاصلِ کلام ہوتا ہے؟

جواب:رباعی کا چوتھا مصرعہ حاصلِ کلام ہوتا ہے۔

102۔مناجات کسے کہتے ہیں؟

جواب:وہ نظم جس میں پہلے خدا کی تعریف بیان کی جاتی ہے اور بعد میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی جاتی ہے مناجات کہلاتی ہے۔

103۔منقبت کسے کہتے ہیں؟

جواب:وہ نظم جس میں اولیاء کرام کی تعریف بیان کی جاتی ہے منقبت کہلاتی ہے۔

104۔چھ مصرعوں والی نظم کیا کہلاتی ہے؟

جواب:مسدس

105۔وہ نظم جس میں کوئی تاریخی واقعہ یا عشقیہ داستان بیان کی گئی ہو کیا کہلاتی ہے؟

جواب: مثنوی

106۔اردو کے پہلے گیان پیٹھ انعام یافتہ شاعر کون ہیں؟

جواب: فراق گورکھپوری

107۔فراق گورکھپوری کو کب اور کونسی تخلیق پر گیان پیٹھ انعام دیا گیا؟

جواب: 1969 میں "گُلِ نغمہ" پر

108۔اردو کے کن شعراء اور ادباء کو گیان پیٹھ انعام سے نوازا گیا ہے۔

جواب: اب تک اردو زبان میں کل چار ادباء اور شعراء کو گیان پیٹھ انعام سے نوازا گیا ہے۔

1) فراق گورکھپوری کو 1969 میں "گُلِ نغمہ" پر

2) قراۃ العین حیدر کو 1989 میں "آخری شب کے ہمسفر" پر

3) علی سردار جعفری کو 1997 میں "نئی دنیا کو سلام" پر اور

4) اخلاق محمد خان شہریار کو 2008 میں "اسم اعظم" پر

109۔شعر کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: جاننا، پہچاننا یا واقف ہونا

110۔وہ چھوٹا سا نام جسے شاعر اپنے کلام یا شاعری میں استعمال کرتا ہے؟

جواب: تخلص (غالبؔ، جگرؔ، میرؔ، فراقؔ، داغؔ، اقبالؔ)

111۔وہ ہم وزن الفاظ جن کی آخری آواز ایک جیسی ہو کیا کہلاتے ہیں؟

جواب: قافیہ

112۔ قافیہ کے فوراًبعد آنے والے حروف جن میں تکرار ہوتی ہے کیا کہلاتے ہیں؟

جواب:ردیف

113۔اردو کا سب پہلا صاحبِ دیوان شاعر کون تھا؟

جواب: قلی قطب شاہ

114۔اردو غزل کا سب سے پہلا شاعر کون تھا؟

جواب:امیر خسروؔ

115۔اردو کی سب سے پہلی رباعی کس نے اور کب لکھی؟

جواب:دکنی شاعر میر عبدلقادر نے 1700ء میں لکھی۔

116۔مرحومین کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کیا کہلاتی ہے؟

جواب:مرثیہ

117۔مرثیہ کی کتنی قسمیں ہیں اور وہ کونسی ہیں؟

جواب:مرثیہ کی دو قسمیں ہیں۔1) کربلائی مرثیہ 2) شخصی مرثیہ

118۔اردو کا پہلا مرثیہ نگار کون تھا؟

جواب:اشرف بیابانی

119۔بابائے اردو کسے کہا جاتا ہے؟

جواب:مولوی عبدالحق

120۔اردو کی پہلی نظم کس نے لکھی۔اور اس کا نام کیا تھا؟

جواب:حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ نے لکھی اور اس کا نام "چکی نامہ" تھا۔

121۔جدید اردو شاعری کے موجد کون ہیں؟

جواب:مولانا الطاف حسین حالیؔ اور محمد حسین آزادؔ

122۔کسی مدح یا ہجو میں لکھی جانے والی نظم کیا کہلاتی ہے؟

جواب:قصیدہ

123۔اردو کا پہلا قصیدہ نگار کون تھا؟

جواب:محمد رفیع سودا

124۔شاعرِ مشرق کسے کہا جاتا ہے؟

جواب:علامہ اقبالؔ

125۔خدائے سخن یا استادِ سخن کسے کہا جاتا ہے؟

جواب:میر تقی میرؔ

126۔اردو شاعری کا باوا آدم کسے کہا جاتا ہے؟

جواب:ولی دکنی

127۔شاعرِ انقلاب کون ہیں؟

جواب:جوش ملیح آبادی

128۔کس شاعر کو "الفاظ کا بادشاہ" کہا جاتا ہے؟

جواب:میر ببر علی انیس

129۔شمس العلماء کس کا لقب ہے؟

جواب:مولانا الطاف حسین حالیؔ

130۔ملک الشعراء کا خطاب کس شاعر کو حاصل ہے؟

جواب:شیخ ابراہیم ذوقؔ

131۔عوامی شاعر کون ہیں؟

جواب:نظیر اکبر آبادی

132۔اردو کی پہلی مثنوی کس نے لکھی؟

جواب:فخر الدین نظامی

133۔اردو کی پہلی مثنوی کا نام کیا ہے؟

جواب:کدم راؤ پدم راؤ

134۔جدید اردو نثر کے موجد کون ہیں؟

جواب:میر امن دہلوی

135۔اردو کے پہلے مضمون نگار کون ہیں؟

جواب:سر سید احمد خان

136۔اردو کا پہلا افسانہ کس نے لکھا؟

جواب:پریم چند

137۔اردو کے پہلے افسانے کا نام کیا ہے؟

جواب:دنیا کا انمول رتن

138۔ڈرامہ کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟

جواب:"ڈرامہ "یونانی زبان کا لفظ ہے۔جس کے معنی "کر کے دکھانا" کے ہیں۔

139۔اردو کا پہلا ڈرامہ کس نے لکھا؟

جواب:واجد علی شاہ

140۔اردو کے پہلے ڈرامے کا نام کیا ہے؟

جواب:"رادھا کنہیا"

141۔اردو کا پہلا ناول کس نے لکھا؟/اردو کے پہلے ناول نگار کون ہیں؟

جواب:ڈپٹی نذیر احمد

142۔اردو کے پہلے ناول کا نام کیا ہے؟

جواب:"مراۃالعروس"

143۔اردو کی پہلی داستان کس نے لکھی؟

جواب:"ملاوجہی"

144۔اردو کی پہلی داستان کانام کیاہے؟

جواب:"سب رس"

145۔کس مصنف کو"مصورِ غم"کہاجاتاہے؟

جواب:مولاناراشدالخیری

146۔تنقید کے معنی کیاہیں؟

جواب:کھرے اور کھوٹے کی پرکھ

147۔صحافت کے معنی کیاہیں؟

جواب:کسی بھی معاملے کے بارے میں تحقیق اور پھراسے صوتی،بصری اور تحریری شکل میں بڑے پیانے پر قارئین،ناظرین یا سامعین تک پہنچانے کا عمل صحافت کہلاتا ہے۔ صحافت کرنے والے کو صحافی کہتے ہیں۔

148۔اردو کاپہلا مطبوعہ اخبار کونساہے؟

جواب:جامِ جہاں نُما1822ء

149۔کس نے "مراسلے کو مکالمہ"بنادیا؟

جواب:مرزاغالب

150۔اردو کا پہلا دستیاب شدہ خط کس نے اور کب لکھا تھا؟

جواب:"والا جاہ بہادر نواب کرناٹک "نے16 دسمبر1822ء کو لکھا تھا۔

151۔کتابوں کے ابتدائی صفحات میں مصنف کی تعارفی تحریر کیا کہلاتی ہے؟

جواب:دیباچہ

152۔کسی جلسہ، محفل یا اس نوعیت کی مکمل رپورٹ پیش کرنے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب:روداد

153۔سفر کی تحریری روداد کو کیا کہتے ہیں؟

جواب:سفر نامہ

154۔RESUME یا BIODATA کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

جواب:کوائفِ شخصی

155۔آزاد ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم کون تھے؟

جواب:مولانا ابوالکلام آزاد

156۔ڈاک کی اتوار کی تعطیل کو سب سے پہلے کس نے جاری کیا؟

جواب:رفیع احمد قدوائی

157۔فنِ سرجری یا عملِ جراہی کا موجد کون ہے؟

جواب:ابوالقاسم زھراوی

158۔الجبرا کا موجد کون ہے؟

جواب: محمد بن موسیٰ خوارزمی

159۔طب کا باوا آدم کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: ابنِ سینا

160۔کیلنڈر کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: تقویم

161۔ شمسی تقویم / شمسی کیلنڈر کی ابتداء سب سے پہلے کس نے کی؟

جواب: عمر خیّام

162۔سب سے پہلے زمین کی گردش کو دریافت کرنے والا شخص کون تھا؟

جواب: ذکریا ابن محمد قزوینی

163۔ہندوستان کے قومی جھنڈے کو سب سے پہلے کس نے ڈزائن کیا؟

جواب: ثُریّا طیب جی

164۔بابائے میزائل کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: ڈاکٹر اے، پی، جے، عبد الکلام

165۔عبد الکلام کا پورا نام کیا ہے؟

جواب: ابو الفاخر زین العابدین عبد الکلام

166۔عبدالکلام کی خود نوشت کا نام کیا ہے؟

جواب:(THE WINGS OF FIRE)"پرواز"

167۔سقراط کون تھا؟

جواب:ایک عظیم ترین مفکر اور فلسفی تھا۔

168۔مشہور فلسفی ارسطو کا استاد کون تھا؟

جواب:افلاطون

169۔(LOGIC)علمِ منطق کے متعلق ارسطو کی اہم کتاب کونسی ہے؟

جواب:"آرگینان"

170۔شیخ سعدیؒ کون تھے؟

جواب:جلیل القدر معلمِ اخلاق

171۔شیخ سعدیؒ کی دو مشہور کتابیں کونسی ہیں؟

جواب:گلستان اور بوستان

172۔ستاروں کے علم کو کیا کہتے ہیں؟

جواب:علمِ جعفر، علمِ نجوم

173۔ہندستان کا وہ کونسا گاؤں ہے جہاں گھر بغیر دروازے کے ہیں؟

جواب:شانی شنگاپور

174۔سورج سب سے پہلے کس ملک میں نکلتا ہے؟
جواب:جاپان(اسے طلوعِ آفتاب کا ملک بھی کہتے ہیں)
175۔دنیا کی چھت کسے کہتے ہیں؟
جواب: تبتی سطح مرتفع
176۔دنیا کی اولین اور آخری غذا یا دوا کا نام کیا ہے؟
جواب:شہد
177۔یومِ اردو کب منایا جاتا ہے؟
جواب:9نومبر کو علامہ اقبال کی یومِ پیدائش پر
178۔یومِ ٹیپو کب منایا جاتا ہے؟
جواب:10نومبر کو ٹیپو سلطان کی یومِ پیدائش پر
179۔یومِ تعلیم کب منایا جاتا ہے؟
جواب:11نومبر کو مولانا ابوالکلام آزاد کی یومِ پیدائش پر
180۔یومِ اطفال کب منایا جاتا ہے؟
جواب:14نومبر کو پنڈت جواہر لال نہرو کی یومِ پیدائش پر
181۔یومِ یوگا کب منایا جاتا ہے؟
جواب؛21جون

182۔یومِ اساتذہ کب منایا جاتا ہے؟

جواب:5 ستمبر کو ڈاکٹر سرواپلی رادھاکرشنن کی یومِ پیدائش پر

184۔یومِ مزدور کب منایا جاتا ہے؟

جواب:1 مئی کو

185۔گاندھی جینتی کب منائی جاتی ہے؟

جواب:2 اکتوبر کو گاندھی جی کی یومِ پیدائش پر

186۔یومِ جمہوریہ کب منایا جاتا ہے؟

جواب:26 جنوری

187:یومِ آزادی کب منایا جاتا ہے؟

جواب:15 اگست

188۔کنڑاراجیہ اتسو کب منایا جاتا ہے؟

جواب:1 نومبر

189۔عالمی ایڈس ڈے کب منایا جاتا ہے؟

جواب؛1 ڈسمبر

190۔قومی یومِ حکماء(نیشنل ڈاکٹرس ڈے)کب منایا جاتا ہے؟

جواب:1 جولائی

191۔آرمی ڈے کب منایا جاتا ہے؟

جواب:15 جنوری

192۔نوبیاگ ڈے کب منایا جاتا ہے؟

جواب:ہفتہ

193۔مثنوی "گلشنِ عشق" کس کی تصنیف ہے؟

جواب:نصرتی

194۔حکیم الامت کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب:علامہ اقبال

195۔افسانوں کا شہنشاہ کسے کہا جاتا ہے؟

جواب:پریم چند

196۔پنڈت جواہر لال نہرو نے کونسا اخبار جاری کیا تھا؟

جواب:قومی آزادی

197۔ایران کے وہ کون شاعر ہیں جو اپنی رباعیات کے لئے مشہور ہیں؟

جواب:عمر خیّام

198۔وہ کون ہیں جو اردو کے عناصرِ خمسہ کہلاتے ہیں؟

جواب:مولانا الطاف حسین حالیؔ، سر سید احمد خان،ڈپٹی نذیر احمد،مولانا شبلیؔ نعمانی اور محمد حسین آزاد

199۔"مسجدِ قرطبہ"کس شاعر کی نظم ہے؟

جواب:علامہ اقبال

200۔اقبال کی مشہور نظم"مسجدِ قرطبہ"کا تعلق کس سرزمین سے ہے؟

جواب:ہسپانیہ

201۔ہجویات میں کس شاعر کو کمال حاصل ہے؟

جواب:مرزا محمد رفیع سودا

202۔ مشہور مثنوی "پھول بن" کا خالق کون ہے؟

جواب: ابنِ نشاطی

203۔ غزل میں کم سے کم کتنے اشعار ہوتے ہیں؟

جواب: پانچ

204۔ "ہمدرد" اخبار کس نے نکالا تھا؟

جواب: محمد علی جوہر

205۔ قصیدہ "تضحیکِ روزگار" کے شاعر کون ہیں؟

جواب: مرزا محمد رفیع سودا

206: "آمد" کس صنفِ شاعری کا جزو ہے؟

جواب: مرثیہ

207۔ غزل کو اردو شاعری کی آبرو کس نے قرار دیا تھا؟

جواب: رشید احمد صدیقی

208۔ناول "گودان "کا مرکزی کردار کون ہے؟

جواب:ہوری

209۔مولانا حسرت موہانی نے کونسا مشہور ماہنامہ جاری کیا؟

جواب:اردوئے معلّٰی

210۔"خوجی "کا کردار کس ناول میں ہے؟

جواب:فسانۂ آزاد

211۔اردو کی پہلی رزمیہ مثنوی کسے کہا جاتا ہے؟

جواب:علی نامہ

212۔مثنوی "قطب مشتری" کس کی دریافت ہے؟

جواب:مولوی عبدالحق

213۔اردو کا سب سے بڑا ڈرامہ نگار اور اردو ڈرامے کا شیکسپیر کسے تسلیم کیا گیا ہے؟

جواب:آغا حشر کاشمیری

214۔ "گریز" کا تعلق کس صنفِ شاعری سے ہے؟

جواب: قصیدہ

215۔ ہماری تہذیب غزل میں اور غزل ہماری تہذیب میں ڈھلی ہے۔ یہ کس نے کہا؟

جواب: رشید احمد صدیقی

216۔ انجمن ترقی اردو ہند دہلی کے مشہور ہفتہ وار اخبار کا نام کیا ہے؟

جواب: ہماری زبان

217۔ تہذیب الاخلاق کس نے جاری کیا؟

جواب: سر سید احمد خان

218۔ اردو زبان پنجاب سے نکلی ہے، یہ کس کا خیال ہے؟

جواب: محمود شیرانی

219۔ علامہ اقبال نے کس فارسی شاعر کو اپنا پیر بتایا ہے؟

جواب: مولانا روم

220۔"زمیندار" کس کا اخبار تھا؟

جواب:مولانا ظفر علی خان

221۔مولانا آزاد کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا؟

جواب:غبارِ خاطر

222۔اردو کا پہلا اخبار کس نام سے شائع ہوا تھا؟

جواب:جامِ جہاں نما

223۔اردو کا پہلا اخبار "جامِ جہاں نما" کس نے نکالا تھا؟

جواب:منشی سدا سکھ

224۔"سلور کنگ" کس کا ڈرامہ ہے؟

جواب:آغا حشر کاشمیری

225۔ڈرامہ انارکلی میں انارکلی کا اصل نام کیا تھا؟

جواب:نادرہ

226۔"سراپا"کا استعمال کس صنفِ شاعری میں ہوتا ہے؟

جواب:مرثیہ

227۔"مدح"کس صنفِ شاعری کا جزو ہے؟

جواب:قصیدہ

228۔اردو زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

جواب:ہند آریائی

229۔اردو قواعد کی سب سے پہلی کتاب کونسی ہے؟

جواب:دریائے لطافت

230۔"اردو برج بھاشا سے نکلی"یہ کس محقق کا نظریہ ہے؟

جواب:محمد حسین آزاد

231۔خط میں القاب کسے کہتے ہیں؟

جواب:خط میں لکھے وہ الفاظ یا فقرے جو مکتوب الیہ کے مرتبے کو ظاہر کرتے ہیں القاب کہلاتے ہیں۔

232۔خط کے ضمن میں مکتوب الیہ سے مراد کون ہے؟

جواب: جس کے نام خط لکھا جارہاہو وہ مکتوب الیہ کہلاتا ہے۔

233۔خط لکھنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: مکتوب نگار

234۔محاورہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ مرکب لفظ جو دو یا دو سے زیادہ لفظوں سے مل کر بنا ہو۔ جس کے آخر میں علامتِ مصدر "نا" ہو، اور جو اپنے حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی مستعمل ہو محاورہ کہلاتا ہے۔ جیسے: داغ بیل ڈالنا، دل باغ باغ ہونا، ناک کٹنا، تو تو میں میں ہونا وغیرہ۔

235۔ضرب المثل کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ مختصر فقرہ یا جملہ جو حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی دے اور جس کے پیچھے کوئی نہ کوئی سماجی پہلو، یا واقعہ چھپا ہو ضرب المثل کہلاتا ہے۔ جیسے: ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑا، دھوبی کا کتانہ گھر کا نہ گھاٹ کا، پانچوں انگلیاں گھی میں اور سر کڑھائی میں، وغیرہ۔

236۔آزاد نظم اور پابند نظم کیا ہے؟

جواب:وہ نظم جس میں ردیف اور قافیہ کی پابندی نہیں ہوتی اور مصرعے گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں آزاد نظم کہلاتی ہے۔

وہ نظم جس میں ردیف اور قافیہ کی پابندی ہوتی ہے اور تمام مصرعے یکساں ہوتے ہیں پابند نظم کہلاتی ہے۔

237۔قصیدے کے اجزا کونسے ہیں؟

جواب:1۔ مطلع،2۔ تمہید یا تشبیب،3۔ گریز،4۔ مدح،5۔ دعا

238۔مرثیہ کے اجزا کون کونسے ہیں؟

جواب:1۔چہرہ،2۔ سراپا،3۔رخصت،4۔ آمد،5۔رجز،6۔جنگ،7۔شہادت،8۔بین

239۔ناول کے اجزائے ترکیبی کونسے ہیں؟

جواب:1۔پلاٹ،2۔ کردار،3۔مکالمہ،4۔منظر نگاری،5۔ نظریۂ حیات

240۔افسانے کے اجزائے ترکیبی کونسے ہیں؟

جواب:1۔پلاٹ،2۔ کردار،3۔نقطۂ نظر،4۔وحدتِ تاثر

URDU PEDAGOGY اُردو تدریسیات

## اُردو زبان کی درس و تدریس کے طریقے

1۔ کھیل کھیل کا طریقہ 2۔ کہانی کا طریقہ ,3۔سوال وجواب کا طریقہ 4۔بیانیہ / تقریری طریقہ 5۔ڈرامائی طریقہ

6۔بحث ومباحثہ کا طریقہ 7۔مشاہداتی طریقہ 8۔منصوبائی طریقہ 9۔استقرائی طریقہ 10 ۔استخراجی طریقہ

11۔تجرباتی / عملی طریقہ 12 ۔وضاحتی طریقہ 13 ۔تشریحی طریقہ 14 ۔بلند خوانی 15 ۔خاموش خوانی

1) سمعی آلات / ذرائع کونسے ہیں؟

جواب: آڈیوز، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر، موبائل فون،

2)بصری آلات / ذرائع کونسے ہیں؟

جواب: تختہ سیاہ، چارٹس، فلاش کارڈس، جھلکی پٹیاں، ماڈلس، سلائیڈس، نصابی وغیر نصابی کتب، تصاویر، نقشے، گلوب، لغت وغیرہ۔

3) سمعی وبصری آلات / ذرائع کونسے ہیں؟

جواب:پراجکٹر،ٹیلی ویژن،کمپیوٹر،موبائیل فون،ویڈیوز،فلم وغیرہ

4)قدر پیمائی کے تکنیکس کونسے ہیں؟

جواب:مشاہدہ،معائنہ،سوال وجواب،KWL چارٹ،منصوبائی عمل (پراجکٹ ورک)،تحریری امتحان،بحث ومباحثہ،مضمون نویسی،موقعہ جاتی بیانیہ اندراج،پورٹ فولیو،ڈرامائی طریقہ،حمد ونعت خوانی،غزل گوئی،بلند خوانی،خاموش خوانی،سرسری مطالعہ وغیرہ

5)قدر پیمائی کے آلات کونسے ہیں؟

جواب:سوالاتی پرچہ،مشاہداتی پٹی،فہرستِ جانچ،درجہ پیما،روبرکس،

6)آموزشی بازیابی میں بنیادی اہمیت رکھنے والا عنصر کونسا ہے؟

جواب:آموزشی محاصل

7)FLN کے مطابق کونسی جماعت تک بچے پڑھنے لکھنے کے قابل ہونا ہے؟

جواب:سوم جماعت تک

8)آموزشی بازیابی کے سہولت کار کون ہیں؟

جواب:استاد

9)FLNکافل فارم کیاہے؟توسیع

جواب: FOUNDATIONAL LITERACY AND NUMERACY بنیادی خواندگی اورعددیات

10)NIPUNکافل فارم کیاہے؟توسیع

جواب:NATIONAL INITIATIVE FOR PROFICIENCY IN READING WITH UNDERSTANDING AND NUMERACY

11)NIPUN بھارت مشن کب عمل میں لایاگیا؟

جواب:19اکتوبر2021

12)آموزش کے بنیادی گُر کونسے ہیں؟

جواب:☆آسان سے مشکل کی طرف

☆معلوم سے نامعلوم کی طرف

☆ٹھوس سے مجرد کی طرف

☆عام سے خاص کی طرف

13)زبان کی مہارتوں کی صحیح ترتیب کونسی ہے؟

1)لکھنا، پڑھنا، جانچنا، بولنا 2)جانچنا، پڑھنا لکھنا، بولنا 3)سننا، بولنا، لکھنا، پڑھنا 4)سننا، بولنا، پڑھنا، لکھنا

1)تحریر، خواندگی، محاسبہ، گفتگو، 2)محاسبہ، خواندگی، تحریر، گفتگو 3)سماعت، گفتگو، تحریر، خواندگی 4)سماعت، گفتگو، خواندگی، تحریر

جواب:4

14)درس و تدریس کے موجودہ نظام میں معلم۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1)مرکزِ تعلم 2)تدریس کار 3)سہولت رساں 4)رابطہ کار

جواب:3

15)اردو زبان کا سوالی پرچہ تیار کرتے وقت ان مقاصد کو اپنا کر نیلا خاکہ تیار کرتے ہیں؟

1)یاداشت، معلومات، ستائش، جانچ 2)معلومات، تفہیم، اظہار، مدح 3)معلومات، اظہار، تفہیم، مدح 4)مدح، اظہار، معلومات، تفہیم

جواب:2

16)استاد بچوں میں اکتسابی کمی کی وجہ معلوم کرنے کے لئے یہ جانچ کرتا ہے،

1) تشخیصی جانچ 2) تشکیلی جانچ 3) مجموعی جانچ 4)زبانی جانچ

جواب:1

17)سوالاتی پرچہ کس کے تحت تیار کیا جانا چاہئے؟

1)مقاصد کے تحت 2)مہارتوں کے تحت 3)نشانات کے تحت 4)نیلا خاکہ کے تحت

جواب:4

18)طلبہ کی اکتسابی جانچ/قدر پیمائی کا بہترین طریقہ

1)ماہانہ ٹسٹ 2)ششماہی امتحان 3)سالانہ امتحان 4) مسلسل اور جامع قدر پیمائی

جواب:4

19)آپ کس طرح معلوم کریں گے کہ طلباء عبارت کو صحیح طریقے سے پڑھ رہے ہیں۔

1)سوالات کے ذریعے 2)خاموش مطالعہ کے ذریعے 3)بلند خوانی کے ذریعے 4)سر گرمیوں کے ذریعے

جواب:3

20)کمرہ جماعت میں معلم کی تدریس کا اہم مقصد

1)طلباء کو سرگرمیوں میں مشغول رکھنا2)مطالعہ میں مشغول رکھنا3)سیکھنے میں مشغول رکھنا4)پوشیدہ صلاحیتوں کو باہر نکالنا

جواب:4

21)خاموش خوانی کا اہم مقصد یہ ہے کہ

1)طلباء تیزی سے پڑھ سکیں 2)عبارت صحیح تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں 3 )عبارت کو تیزی کے ساتھ پڑھ کر مفہوم کو سمجھ سکیں

4)طلباء تھوڑی دیر خاموش بیٹھ سکیں

جواب:3

22)دورانِ تدریس معلم تدریسی وسائل کا استعمال کرتا ہے۔ کیوں۔؟

1)طلباء میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے2)تدریسی عمل کو موثر بنانے کے لئے3)وقت کو بچانے کے لئے4)مذکورِ بالا سبھی

جواب:4

23)ڈیجیٹل ٹکنالوجی کے ذریعے طلباء میں زبان کو فروغ دینے کے لئے درجہ ذیل میں کونسا ذریعہ بہتر ہے۔

1) سمعی وبصری ویڈیو کلپ 2)خوبصورت تصاویر 3)اجتماعی طور پر کہلوانا 3)انفرادی طور پر کہلوانا

جواب:1

24)بچے میں چھپی ہوئی صلاحیت کہلاتی ہے۔

1) قابلیت 2)مہارت 3)طاقت 4)استطاعت

جواب:2

25)طالبِ علم کہانی کے کرداروں اور ترتیب کے متعلق خلاصہ پیش کرتا ہے تو وہ کونسی مہارت کا اظہار کر رہا ہے۔

1)سماعت 2) گویائی 3)خواندگی 4) تحریری

جواب:2

26)"حروف، الفاظ اور جملوں کو آزادانہ طور پر لکھنا" زباندانی کے کس علاقے سے ہے۔

1)سماعت 2) گویائی 3)خواندگی 4) تحریری

جواب:4

27)زبان کی آموزش کے لئے کس کو پہلا مرحلہ بتایا گیا ہے؟

1)دوست 2)پڑوسی 3)گاؤں 4)خاندان

جواب:4

28)بچے کو شاباشی دینے سے

1)بچہ خوش ہو جاتا ہے 2)والدین خوش ہو جاتے ہیں 3)بچے میں خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے 4)بچے میں انانیت پیدا ہوتی ہے

جواب:3

29)بچہ کہاں سیکھی ہوئی چیزوں کو بہت جلد اپنی زندگی میں بھی استعمال کرتا ہے؟

1)گھر 2)ہم جولیوں 3)سماج 4)کمرۂ جماعت

جواب:4

30)ان میں سے کونسی صلاحیت بچوں میں نہ ہو تو زندگی گذارنا بہت مشکل ہو جاتا ہے؟

1)سننااور بولنا2)پڑھنااور لکھنا3)گانااور بجانا4)کھیلنااور کودنا

جواب:1

31)زبان کی مہارتوں میں سب سے آسان اور سہل مہارت ہے

1)سماعت2)گویائی3)خواندگی4)تحریر

جواب:1

32)بچے بحث ومباحثہ میں حصہ لیتے ہوئے اپنی پسند اور ناپسند تصورات کو عام الفاظ میں بیان کرتے ہیں تو یہاں پر طلباء میں کونسی مہارت پروان چڑھ رہی ہے۔

1)سماعت اور خواندگی2)خواندگی اور گویائی3)سماعت اور گویائی4)خواندگی اور تحریر

جواب:3

33)درسی کتاب اور کہانیوں کو پڑھنااور آسان جملوں میں لکھنا۔یہ زباندانی کی کونسی مہارتیں ہیں۔

1)سماعت اور خواندگی2)خواندگی اور گویائی3)سماعت اور گویائی4)خواندگی اور تحریر

جواب:4

34)زباندانی کی آموزش میں تخلیقیت کا مقصد۔۔۔

1)کہانیاں اور قصے لکھوانا2)نظمیں اور غزلیں لکھوانا3)تجسس کا مادہ پیدا کرنا اور تقریری و تحریری صلاحیت کو بڑھانا4)مضامین لکھوانا

جواب:3

35)زبان کی آموزش کا آغاز ہوتا ہے۔

1)بچپن سے2)لڑکپن سے3)جوانی سے4)اسکول سے

جواب:1

36)نئی تعلیمی پالیسی2020کے تحت ڈیجیٹل دور کے لئے طلباء کو تیار کرنے کی سطح۔

1)نرسری تا دوم2)سوم تا پنجم3)ششم تا ہشتم4)نہم تا بارھویں

جواب:3

37)ذیل میں کس کا تعلق اردو ادب سے نہیں ہے۔

1)تصویروں کو اپنے الفاظ میں بیان کرنا۔2)تصویروں کو دیکھ کر اداکاری کرنا۔3)تصویروں کو دکھا کر کہانی کو سمجھانا۔4)تصویروں کو دیکھ کر جملے لکھنا۔

جواب:3

38)زبان کو صحیح صحیح ادا کرنے میں کس کا ہاتھ ہوتا ہے؟

1)تلفظ 2)املا 3)ہجہ 4)قواعد

جواب:4

39)تعلیمی سرگرمی کے اختتام پر طلباء سے حاصل ہونے والے نتائج کو کیا کہتے ہیں؟

1)آموزشی محاصل 2)معیاری تعلیم 3)حصولِ تعلیم 4)تعلیمی معیار

جواب:1

40)کتب خانے میں میسر کتابوں کے مطالعہ سے یہ عادت پروان چڑھتی ہے۔

1)صحافتی 2)کتب بینی 3)تقریری 4)تحریری

جواب:2

41)ایک طالب علم صرف کو سرف، صحیح کو سہی اور غلط کو غلت لکھتا ہے تو معلم

1)اس کی خوشخط ٹھیک کرائے 2) صحیح املا وہجے سے روشناس کرائے 3)اس کا تلفظ ٹھیک کرائے 4)اس کو ڈانٹے اور پھٹکار لگائے۔

جواب:2

42)قواعد کی تدریس کے سب سے موثر اور عمدہ طریقے ہیں۔

1)تشریحی و وضاحتی 2)استقرائی و استخراجی 3)بیانیہ و فہمائشی 4)ڈرامائی و مکالماتی

جواب:2

43)کمرہ جماعت کا ماحول ہونا چاہئیے۔

1)آمرانہ 2)مختارانہ 3)قائدانہ 4)آزادانہ (جمہوری)

جواب:4

44)جانچ کے ذریعے استاد کو یہ پتہ چلتا ہے

1)طالب علم کی سوچ کا 2)طالب علم کی سمجھ کا 3)طالب علم کے اکتساب کا 4)طالب علم کی معاشی حالت کا

جواب:3

45)اساتذہ کے لئے ٹرائنگ (تربیت) ضروری ہے کیوں

1)نصاب پر عبوریت کے لئے 2)تدریسی تکنیکس کی جانکاری کے لئے 3)بچوں کی نفسیات کو سمجھنے کے لئے 4)درجِ بالا سبھی

جواب:4

46)لکھنے کی پریشانی یا دقت کو کہتے ہیں۔

1)ڈسگریفیا 2)ڈسفوریا 3)ڈسلکسیا 4)ڈسکیالکولیا

جواب:1

47)الفاظ پڑھنے، پہچاننے، سمجھنے اور تلفظ کی دقت کو کہتے ہیں۔

1)ڈسگریفیا 2)ڈسفوریا 3)ڈسلکسیا 4)ڈسکیالکولیا

جواب:3

48)گھبراہٹ اور بے چینی کی حالت کو کہتے ہیں۔

1)ڈسگریفیا 2)ڈسفوریا 3)ڈسلکسیا 4)ڈسکیالکولیا

جواب:2

49) علم ریاضی میں پریشانی / دقت کو کہتے ہیں۔

1) ڈسگریفیا 2) ڈسفوریا 3) ڈسلکسیا 4) ڈسکیالکولیا

جواب:4

50) معلم طلباء کو "شعراء کا تصویری و تعارفی البم تیار کر کے لانے کو کہتا ہے" یہاں پر وہ کونسا طریقہ استعمال کر رہا ہے۔

1) منصوبائی طریقہ 2) استقرائی طریقہ 3) استخراجی طریقہ 4) مشاہدہ

جواب:1

51) معلم طلباء کو کوئی عام اصول، کلیہ، ضابطہ یا تعریف بتادیتا ہے اور پھر مثالوں کے ذریعے اسے سمجھاتا ہے۔ یہ تدریس کا کونسا طریقہ ہے

1) منصوبائی طریقہ 2) استقرائی طریقہ 3) استخراجی طریقہ 4) وضاحتی طریقہ

جواب:3

52) معلم طلباء کو چند مانوس الفاظ کو مثالوں کے ذریعے سمجھا کر غیر مانوس اصطلاحات کو واضح کراتا ہے تو یہاں پر معلم کونسا طریقہ استعمال کر رہا ہے؟

1)منصوبائی طریقہ 2)استقرائی طریقہ 3)استخراجی طریقہ 4)مشاہداتی طریقہ

جواب:2

53)وہ طریقہ جس کے تحت تعریفیں، اصول وضوابط، اصطلاحیں رٹوائے جاتے ہیں پھر بعد میں مثالوں کے ذریعے کے سمجھایا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے۔؟

1)منصوبائی طریقہ 2)استقرائی طریقہ 3)استخراجی طریقہ 4)مشاہدہ

جواب:3

54)اصلاحی تدریس کا اہم مقصد

1) مخصوص کلاسس لینا۔2)نصاب مکمل کرنا۔3)اکتسابی کمزور طلباء کو اہم تعلیمی دھارے میں لانا 4)ذہین طلبا کی مدد کرنا

جواب:3

55)درس وتدریس کے ہر مرحلے میں وقتاً فوقتاً محاسبہ کے لئے کی جانے والی قدر پیمائی کہلاتی ہے؟

1) تشکیلی قدرپیمائی 2) مجموعی قدرپیمائی 3) تشخیصی قدرپیمائی 4)اکائی جانچ

جواب:1

56)تحتانوی جماعتوں میں بلند خوانی اور خاموش مطالعے کا تناسب 60:40 ہو تو وستانوی اور اونچی جماعتوں میں یہ تناسب کتنا ہونا چاہیئے؟

1)40:50 2)50:50 3)40:60 4)30:70

جواب:3

57)سالانہ امتحان کے لئے سوالات کے پرچے کی تیاری سے پہلے نیلا خاکہ (بلو پرنٹ) کی تیاری کا اہم مقصد

1)سوالوں کا احاطہ کرنا 2)نشانات مقرر کرنا 3)متوازن سوال نامہ تیار کرنا 4)اعلیٰ افسران کا حکم بجالانا

جواب:3

58)بر موقع عنوان فراہم کرکے جو بحث کرائی جاتی ہے یہ کہلاتی ہے۔

1)تقریر 2)مباحثہ 3)فی البدیہہ 4)گروہی بحث

جواب:3

59)پڑھنے کی صلاحیت کا پہلا مرحلہ ہے۔

1)مضمون کو سمجھ کر پڑھنا 2)بلند آواز سے پڑھنا 3)کتاب کا مطالعہ کرکے پڑھنا 4)عنوان کو تفصیل سے پڑھنا

جواب:2

60)پانچ ای(5E ) آموزشی طریقے کادوسرامرحلہ ہے

1)شمولیت2)وضاحت3) تحقیق4)توسیع

جواب:3

61)کابینہ میں نئ تعلیمی پالیسی کوکب منظوری دی گئ /

1)20ستمبر2020 2)20جون2020 3)5اگست2020 4)29جولائی2020

جواب:4

62)قومی تعلیمی پالیسی2020زبان کے تحت کہتی ہے

1)تعلیم مادری زبان میں نہ ہو۔2)طلباءپرزبان کومسلط کیاجائے گا۔3)جماعت پنجم تک ذریعہ تعلیم مادری یاعلاقائی زبان میں ہو۔4)درج بالا تمام

جواب:3

63)قومی تعلیمی پالیسی2020کے مطابق اسکولی ڈھانچہ

4☆3☆5☆3 ( 4)۔3☆3☆4☆5(3)۔4☆3☆3☆5(2)۔5☆3☆3☆4(1)

جواب:1

64)اعلیٰ تعلیم میں شامل تبدیلیاں۔

1)یم فیل کو جاری رکھا گیا ہے۔2)اعلیٰ تعلیم کو باقاعدہ نابنانا۔3)یم فیل کورس کا خاتمہ۔4)درج بالا تمام

جواب:3

65)قومی تعلیمی پالیسی2020کے تحت وسطانوی تعلیم کا ایک مقصد ہے۔

1)پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا فروغ۔2)صرف تعلیم مہیا کرنا۔3)نصاب کو زیادہ کرنا۔4)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:1

66)وسطانوی مراحل پر اثرانداز ہونے والے اہم نکات میں سے ہے۔

1)جدید ٹکنالوجی سے واقفیت۔2)سماجی روبط۔3) تقلیدی صلاحیت۔4)یہ تمام

جواب:1

67)وسطانوی مرحلہ میں بچوں کی سیکھنے کی جبلت کے لئے۔

1)طلباء کے ساتھ جھگڑنا۔2)ٹکنالوجی کا ستعمال نہ کرنا۔3)انعامات کے ذریعہ پذیرائی۔4)ان میں سے کوئی نہیں۔

جواب:3

68)قومی تعلیمی پالیسی2020 کے تحت وسطانوی تعلیم کے نصاب کی تدوین میں یہ بات کہی گئی ہے کہ

1)کہانی،ڈرامہ، آرٹ وغیرہ پر مبنی سرگرمیاں شاملِ نصاب ہوں۔2)علاقائی ومادری زبان پر توجہ نہیں دینی چاہیئے۔

3)نصاب بہت مشکل ہو۔4)درج بالا تمام

جواب:1

69)پیشہ وارانہ تعلیم پر مبنی مضامین کو۔۔۔۔۔جماعت کے نصاب سے شروع کیا جائے گا۔

1)ہشتم 2)ششم 3)ہفتم 4)پنجم

جواب:2

70)نئی قومی تعلیمی پالیسی2020 کے تحت8 سے 11 سال کے تمام بچوں کو کب تک معیاری تعلیم دینے کا قصد رکھتا ہے۔

2030(4۔2025(3۔2035(2۔2040(1

جواب:3

71)۔۔۔۔۔۔۔کے مطابق بچے کی تربیت ہو

1)ماحول۔2)سنیما۔3)ٹیلی ویژن۔4)کمپیوٹر

جواب:1

71)آموزشی محاصل سے مراد۔

1)خواندگی۔2)صلاحیتوں کا ذخیرہ۔3)تحریر۔4)تقریر

جواب:2

72)تحتانوی تعلیم میں کس عمر کے بچے شامل رہیں گے ؟

1)8سے10سال۔2)8سے سال14۔3)8سے12سال۔4)8سے11سال

جواب:4

73)نئ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت حصولِ تعلیم کو کتنے مرحلوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

1)دو۔2)پانچ۔3)تین۔4)چار

جواب:4

74)نئے الفاظ کو سیکھنے سے طلباء میں کونسی صلاحیت پیدا ہوتی ہے؟

1)الفاظ کے ذریعے گفتگو میں نکھار آتا ہے۔2)طلباء کی گفتگو میں روانی پیدا ہوتی ہے۔3)طلباء کی یادداشت مضبوط ہوتی ہے۔4)مندرجہ بالا سبھی

جواب:4

75)نئ قومی پالیسی کے تحت ابتدائی اسکولوں میں کن جماعتوں کے امتحانات لئے جائیں گے؟

1)دوسری،پانچویں،ساتویں۔2)تیسری،پانچویں،آٹھویں۔3)تمام جماعتوں کے۔4)کسی جماعت کے نہیں۔

جواب:2

76)تدریس کے عمل میں کس کی فطرت کالحاظ بہت ضروری ہے؟

1)ماحول 2)ماں باپ 3)استاد 4)بچوں

جواب:4

77)بلند خوانی کس معیار کے طالب علموں کے لئے موزوں ہے؟

1)ابتدائی 2)وسطانیہ 3)ثانوی 4)اعلیٰ

جواب:1

78)خاموش خوانی کس معیار کے طالب علموں کے لئے موزوں ہے؟

1)پرائمری 2) سیکنڈری و سینئر سکینڈری 3)مڈل درجوں 4) تحقیق

جواب:2

79)خاموش خوانی میں طالب علموں کی توجہ کس پر مرکوز رہتی ہے؟

1)بیاض 2)چارٹ 3)کتاب 4)نصاب

جواب:3

80) کسی فکر کی گہرائی کو سمجھنے کا موقعہ کس سے ملتا ہے؟

1)بلند خوانی 2)خاموش خوانی 3)مشق 4) تقریر

جواب:2

81)انفرادی بلند خوانی کسے کہتے ہیں؟

1)مل جل کر پڑھناب 2)چلا چلا کر پڑھنا 3)الگ الگ ایک ایک کر کے پڑھوانا 4)سب کو ایک ساتھ بلند آواز سے پڑھوانا

جواب:3

82)تدریسِ قواعد کا مقصد۔

1)زبان کی شکل کا علم 2)زبان کی ساخت کا علم 3)زبان کی خامیوں کا علم 4)زبان کی تاریخ کا علم

جواب:2

83)تلفظ کی مشق سے کیا ہوتا ہے؟

1)زور سے بولنا آجاتا ہے۔2)الفاظ کے معنی کا پتہ چلتا ہے۔3)الفاظ کا صحیح تلفظ آجاتا ہے۔4)خاموش مطالعہ بھول جاتا ہے۔

جواب:3

84)قواعد کی تدریس کے لئے کونسا طریقہ بہتر ہے ؟

1)بیانیہ 2)ڈرامائی 3)منصوبائی 4)استخراجی و استقرائی

جواب:4

85)اعک اچھا معلم وہ ہے ؟

1) نظم وضبط کا سختی سے پابند 2)بچوں کو ہمیشہ ہنسانے والا 3) سختی سے پیش آنے والا 4)اپنے مضمون پر عبور رکھنے والا

جواب:4

86:طلبا کے بہتر احتساب کا طریقہ:

1) ماہانہ جانچ 2)شش ماہی امتحان 3)مسلسل اور جامع قدر پیمائی 4)سالانہ امتحان

جواب:3

87)کمرۂ جماعت کا بہترین ماحول:

1)جمہوری 2)آمرانہ 3)مختارانہ 4)قائدانہ

جواب:1

88)بنیادی طور پر تدریس کا عمل کہاں انجام آپا تاہے؟

1)سماج میں 2)گھر میں 3)کمرۂ جماعت میں 4)مذکورہ سبھی

جواب:3

89)دوراں تدریس طلباسے سوالات پوچھے جاتے ہیں تا کہ

1) نظم وضبط بر قرار رہے 2)طلبا دلچسپی بر قرار رہے 3)مفہوم کو اچھی طرح سمجھ جائیں 4)وقت کٹ جائے

جواب:3

90)اکتساب کیاہے؟

1)طرز عمل میں مطلوبہ تبدیلی کا آنا 2)بری عادتوں کا سیکھنا 3)کمپیوٹر سیکھنا 4)مشق کرنا

جواب:1

91)ایک معلم طلبا کی نظر میں:

1)مثالی شخص 2)ڈرانے والا شخص 3)تصوراتی شخص 4)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:1

92)تقریر،بحث ومباحثہ، مضمون نویسی،بیت بازی،مصوری،غزل گوئی، کھیل کود وغیرہ کیاہیں؟

1)مقابلے 2)غیر نصابی سرگرمیاں 3)نصابی سرگرمیاں 4)ہم نصابی سرگرمیاں

جواب:4

93:طلباسے غلط جواب آنے کی صورت میں معلم کو کیا کرنا چاہیئے؟

1)بچے کی سابقہ معلومات کے تحت اسی سوال کے متعلق دوسرا سوال پوچھنا چاہیئے 2)ڈانٹنا چاہیئے 3)سوال بدل دینا چاہیے 4)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:1

94)دورانِ تدریس تدریسی وسائل کا استعمال کیاجاتاہے؟

1)مواد کو آسان بنانے کے لئے 2)دلچسپی پیدا کرنے کے لئے 3)وقت بچانے کے لئے 4)مذکورہ سبھی درست ہِیں۔

جواب:4

95:روایتی تعلیم کا حصہ ہے۔

1)گھر 2)اسکول 3)سماج 4)خاندان

جواب:2

96)اکتساب کب موثر ہوتا ہے؟

1)کر کے سیکھنے سے 2)نقل کرنے سے 3)رٹنے سے 4)ان میں سے کوئی نہیں

جواب:1

97)بچہ کس کے ذریعے زبان سیکھتا ہے؟

1)گفتگو 2)مشق 3)تقلید 4)آموختہ

98)انسان کا کونسا عمل موت تک جاری رہتا ہے؟

1)کھانا 2)سونا 3)پڑھنا 4)سیکھنا

جواب:4

99)ابتدائی جماعتوں میں بچوں کو کس طرح سکھایا جاتا ہے؟

1)مقامی بولیوں کے ذریعے 2)معیاری کتابوں کے ذریعے 3)عام کتابوں کے ذریعے 4)جلسوں کے ذریعے

جواب:1

100)بچوں کی اہلیت کی جانچ کس طرح ہو سکتی ہے؟

1)ان کی چالاکی سے 2)بلند خوانی سے 3)ان کے بولنے، لکھنے اور پڑھنے سے 4)ان کی حاضر جوابی سے

جواب:3

101۔کمرۂ جماعت میں معلم کی تدریس کا مقصد۔

1)طلبا کے ساتھ بحث ومباحثہ کرنا۔2)طلبا کو کھیل کود میں مصروف رکھنا۔3)طلبا کو آزاد چھوڑدینا۔4)طلبا کی پوشیدہ صلاحیتوں باہر نکالنا۔

جواب:4

# قواعد و انشاء

درج ذیل سوالوں کے چار متبادل جوابات دیے گیے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔

1۔ لفظ "مدح" کس لفظ سے مشتق ہے۔

(الف) مدعا (ب) تعریف (ج) مداوا (د) مراد

2۔ مفرد جملے کی قسمیں ہیں۔

(الف) تین (ب) چار (ج) دو (د) پانچ

3۔ "وہ علم جس سے شعر کے اوزان معلوم کئے جاتے ہیں۔

(الف) علمِ عروض (ب) علمِ ہجہ (ج) علمِ صرف (د) علمِ نحو

4۔ الفاظ کا ایسا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے۔ کہلاتا ہے۔

(الف) مجموعہ کلام (ب) جملہ (ج) محاورہ (د) مجموعہ الفاظ

5۔ شعر میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو کسی واقعے کی طرف اشارہ کرتے ہوں۔

(الف)تشبیہ (ب)استعارہ (ج) تلمیح (د)صنعتِ تضاد

6۔"غزل کا بہترین شعر کہلاتا ہے۔

(الف)مطلع (ب)مقطع (ج)حُسنِ مطلع (د)بیت الغزل

7۔ وہ شعر جس میں کسی لفظ کے حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی مراد لئے جائیں لیکن حقیقی اور مجازی معنوں میں تعلق تشبیہ کا ہو تو وہ کہلاتا ہے۔

(الف)صنعتِ استعارہ (ب) صنعتِ تشبیہ (ج) صنعتِ تضاد (د)صنعتِ تلمیح

8۔کوئی دم کا مہماں ہوں اے اہلِ محفل چراغِ سحر ہوں، بجھا چاہتا ہوں

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت یہ ہے۔

(الف)صنعتِ تضاد (ب) صنعتِ استعارہ (ج)صنعتِ تلمیح (د) صنعتِ تکرار

9۔۔وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورتِ حال کی خبر دے۔

(الف)۔جملہ انشائیہ (ب)۔جملہ خبریہ (ج)۔جملہ فعلیہ (د)۔جملہ اسمیہ

10۔وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے۔

(الف)۔مرثیہ (ب)۔رباعی (ج)۔غزل (د)۔حمد

11۔۔ چار مصرعوں والی نظم کہلاتی ہے

(الف)رباعی (ب)غزل (ج)قصیدہ (د) مثنوی

12۔نثر کی مقبول ترین صنف۔

(الف)داستان (ب)کہانی (ج)افسانہ (د)ناول

13۔وہ جملہ جس میں کہنے والے کا خیال،خواہش یا جذبہ کا اظہار ہو۔

(الف)جملہ اسمیہ (ب)جملہ فعلیہ (ج)جملہ خبریہ (د)جملہ انشائیہ

14۔ مضمون کی ریڑھ کی ہڈی کہلاتا ہے۔

(الف)تمہید (ب) نفسِ مضمون (ج) خاتمہ (د)معلوماتی مضمون

15۔ چال جیسے کڑی کمان کا تیر دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت۔

(الف)صنعتِ تضاد (ب)صنعتِ تکرار (ج)صنعتِ استعارہ (د )صنعتِ تشبیہ

16۔حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف میں لکھی گئی نظم۔۔۔

(الف)نعت (ب)حمد (ج)غزل (د)مرثیہ

17۔"جاں نثار"۔کا مطلب

(الف)چاہنے والا (ب)جان قربان کرنے والا (ج)اطاعت کرنے والا (د)جان رکھنے والا

18۔باطل سے مراد۔

(الف)موت کا دن (ب)بدلہ (ج)جھوٹ (د)نفرت

19۔"شاہین اخبار پڑھ رہی ہے"۔یہ جملہ قواعد کے اعتبار سے۔۔

(الف)جملہ اسمیہ (ب)جملہ فجائیہ (ج)جملہ فعلیہ (د)جملہ انشائیہ

20۔ وہ جملہ جس میں مسند الیہ اسم اور مسند فعل ہو۔

(الف)جملہ اسمیہ (ب)جملہ فعلیہ (ج)جملہ انشائیہ (د)جملہ خبریہ

21۔"مدثر گیند کھیل رہاہے" اس جملے میں مسند الیہ ہے۔

(الف)مدثر (ب)گیند (ج)کھیل رہا (د)ہے

22۔وہ نظم جس میں مرحوم شخص کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔

(الف)حمد (ب)نعت (ج)غزل (د)مرثیہ

23۔ شعر میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں۔کہلاتا ہے۔

(الف)تشبیہ (ب)استعارہ (ج)تلمیح (د)صنعتِ تضاد

24ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت کونسی ہے

(الف)استعارہ (ب)تلمیح (ج)صنعتِ تضاد (د)صنعتِ تکرار

25۔ شعر میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو کسی واقعہ ، قصہ یا روایت کی طرف اشارہ کرتے ہوں۔

(الف)تشبیہ (ب)استعارہ (ج) تلمیح (د)صنعتِ تضاد

26۔پتہ پتہ، بوٹا بوٹا، حال ہمارا جانے ہے جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت کونسی ہے

(الف)استعارہ (ب) تلمیح (ج)صنعتِ تضاد (د)صنعتِ تکرار

27 ۔خداناشناس کا مطلب۔

(الف)ایمان نہ رکھنے والا (ب)جاہل (ج)بے وقوف (د)معصوم

28۔"شاہین اخبار پڑھتی ہے"۔اس جملے میں فعلِ ناقص یہ ہے۔

(الف)شاہین (ب)اخبار (ج)پڑھتی (د)ہے

29۔" یومِ دین " سے مراد ہے۔

(الف)وحشت کا دن (ب)حشر کا دن (ج)خوشی کا دن (د)ملاقات کا دن

30۔ارکان کی تکرار جب کوئی خاص وزن پیدا ہوتا ہے تو اسے کہتے ہیں۔

(الف)بحر (ب)وزن (ج)رکن (د) تکرار

31۔صورت کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں یہ ہیں۔

(الف)اسمیہ وفعلیہ (ب)خبریہ وانشائیہ (ج)مفرد ومرکب (د)وصلی وتردیدی

32۔ معنی کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں یہ ہیں۔

(الف) اسمیہ وفعلیہ (ب) خبریہ وانشائیہ (ج) مفرد ومرکب (د) وصلی وتردیدی

33۔ مفرد جملے کی دو قسمیں یہ ہیں۔

(الف) اسمیہ وفعلیہ (ب) خبریہ وانشائیہ (ج) مفرد ومرکب (د) وصلی وتردیدی

34۔ مرکب جملے کی دو قسمیں یہ ہیں۔

(الف) اسمیہ وفعلیہ (ب) مرکب مطلق ومرکب ملتف (ج) مفرد ومرکب (د) وصلی وتردیدی

35۔ مرکب مطلق جملے کی قسمیں ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

36۔ " منادی ہوئی " یہ مفرد جملہ کہلاتا ہے، کیوں کہ۔

(الف) اس میں صرف دو الفاظ ہیں (ب) "منادی" واحد ہے

(ج) اس میں صرف ایک مسند الیہ اور ایک مسند ہے (د) مختصر بات کہی گئی ہے

37۔ "نماز ادا کی اور قصوا نامی اونٹنی پر سوار ہوئے۔" یہ مرکب جملہ کہلاتا ہے۔

(الف) اس میں ایک مسند اور ایک مسند الیہ ہے۔ (ب) اس میں بہت سے الفاظ ہیں۔

(ج) یہ طویل جملہ ہے ۔ (د) یہ دو مفرد جملوں سے بنا ہے۔

38۔یہ مرکب جملہ کہلاتا ہے۔

(الف) خدا کا پیغام پہنچادیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔ (ب) قصوا نامی اونٹنی پر سوار ہوے۔

(ج) اردو ہماری مادری زبان ہے ۔ (د) اماں ملازمہ تھیں۔

39۔ان جملوں میں فعلیہ جملہ ہے۔

(الف) بدایوں قدامت پسند شہر ہے۔ (ب) ہندستاں مختلف تہذیبوں کا گہوارا ہے۔

(ج) ندیاں زمین کو سیراب کرتی ہیں۔ (د) نوجوان ملک کی طاقت ہیں۔

40۔"ناصر گھوم گھام کر آیا۔" قواعد کے لحاظ سے یہ جملہ ہے۔

(الف) مرکب جملہ ہے۔ (ب) اسمیہ جملہ ہے۔

(ج) فعلیہ جملہ ہے۔ (د) تردیدی جملہ ہے۔

41۔"اماں ملازمہ تھیں۔" قواعد کے لحاظ سے یہ جملہ ہے۔

(الف) مرکب جملہ ہے۔ (ب) اسمیہ جملہ ہے۔

(ج) فعلیہ جملہ ہے۔ (د) تردیدی جملہ ہے۔

42۔"نماز ادا کی اور قصوا نامی اونٹنی پر سوار ہوئے۔" اس جملے میں حروف وصل یہ ہے۔

(الف) نماز (ب) قصوا

(ج)اور　　　(د)سوار

43۔"مدثر اخبار پڑھ رہا ہے۔" اس جملے میں یہ مبتدا ہے۔

(الف) مدثر　　　(ب) اخبار

(ج) پڑھ رہا　　　(د)ہے۔

44۔"اماں لاٹھی کے سہارے چلتی تھیں۔" یہ جملہ فعلیہ ہے۔کیوں کہ

(الف)اس میں بہت سے الفاظ ہیں۔　　　(ب)اس میں مسند الیہ اسم اور مسند فعل ہے۔

